ڈائریکٹر پولیس سندھ پولیس آفس
فون نمبر 99212639

خصوصی سیکیورٹی اقدامات انتباہی الرٹ اور چوکنا رہتے ہوئے انجام دیئے جائیں :- آئی جی سندھ

کراچی، 20 ستمبر 2013ء :- آئی جی سندھ غلام نذیم بلوچ نے لانڈھی کے علاقے جمعہ گوٹھ میں امام بارگاہ پر دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں پولیس کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ خصوصی سیکیورٹی اقدامات، حکمت عملی اور لائحہ عمل پر مشتمل جملہ امور انتباہی الرٹ اور چوکنا رہتے ہوئے انجام دیئے جائیں اور اس ضمن میں قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں/ایجنسیوں سے مربوط رابطوں اور انٹیلی جنس اطلاعات کے تبادلوں و مانیٹرنگ پر خصوصی توجہ دی جائے۔

انہوں نے کہا کہ مسیحیوں کی جان و مال کے تحفظ کے سلسلے میں اختیار کردہ اقدامات کے تحت تمام پبلک مقامات، شاپنگ سینٹرز، فاسٹ فوڈ چینز، انڈور پلے، ریلوے اسٹیشنوں، بس ٹرمینلز وغیرہ اور دیگر حساس تنصیبات، اہم سرکاری و نیم سرکاری عمارتوں، غیر ملکی سفارت خانوں پر غیر معمولی سیکیورٹی کو فوری فوکس اور موثر بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ تمام مساجد، امام بارگاہوں، خیراتی اور عوامی مقامات پر قائم اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں وغیرہ پر قانون کی سطح پر مربوط و موثر سیکیورٹی کے ضمن متعلقہ پولیس اہلکاروں کی تعیناتیوں، اطراف میں پیٹرولنگ، وقتاً فوقتاً اسنیپ چیکنگ، تجاوزات کے خاتموں، پارکنگ ایریاز کی کڑی نگرانی، مشتبہ عناصر و مشکوک اشیاء سمیت گاڑیوں وغیرہ پر کڑی نگاہ رکھنا، بم ڈسپوزل عملے سے ٹیکنیکل سویپنگ و کلیرنس وغیرہ اور انٹیلی جنس بڑھانے جیسے اقدامات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے بلکہ اس حوالے سے فوری ضروری ہدایات کے لیئے سینٹرل پولیس آفس میں قائم ڈی کمانڈ اینڈ کنٹرول و سرویلنس سینٹر کی سہولت سے بھی استفادہ کیا جائے۔

انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ مفرور/انتہاپسند ملزمان کی گرفتاریوں کے لیئے چھاپہ مار کارروائیوں میں فوری تیزی لائی جائے اور تمام مہمات میں یقینی کامیابی کے لیئے فوری نگرانی اور انٹیلی جنس کلیکشن و مانیٹرنگ اقدامات کو انتہائی فوکس بنایا جائے۔